# چنداقوال از حضرت امام جواد علیہ السلام

<"xml encoding="UTF-8?>

1 ۔ خدا پر توکل ہر گرانقدر چیز کی قیمت اور بلندی کی طرف پہنچنے کی سیڑھی ہے- (بحار الانوارا ،ج۷۸ ،ص۳۶۴)

2 ۔ دل سے خد اکو یاد کرنا ،اعضا و جوارح کو عبادت میں تھکا دینے سے بہتر اور بر تر ہے۔ (بحار الانوار ،ج۷۸ ص۳۶۴ )

3 ۔ ایک چیز کے محکم اور پایدار ہونے سے پہلے اس کو ظاہر کرنا اس کی تباہی کا باعث ہے- (تحف العقول ص۴۵۷)

4 ۔ مومن تین چیزوں کا محتاج ہے

1. خدا کی طرف سے توفیق
2. اپنے باطن سے واعظ اور نصیحت کرنے والے
3. نصیحت کرنے والے کی بات کو قبول کرنے والے۔ (تحف العقول ص۴۵۷)

5 ۔ دینی بھائیوں سے ملاقات عقل کی سلامتی اور ترقی کا باعث ہے اگرچہ بہت کم مدت میں ہو- (الامالی مفید ص۳۲۹)

6 ۔ جو شخص بھی کسی کو آزمانے سے پہلے اس پر اطمینان کرے، اس نے اپنے آپ کو ھلاکت اور درد ناک انجام کی آغوش میں ڈال دیا ہے- (بحار الانوار ج۷۸ ص۳۶۴)

7 امام جواد علیہ السلام نے فرمایا:جس شخص کی خشنودی ظلم کرنا ہے اس کا غصہ تمہیں نقصان نہیں پہنچائۓ گ (بحار الانوار ج۷۵ ص۳۸۰)

8 ۔ مومن کی دولتمندی ،لوگوں سے بے نیازی میں ہے- (بحار الانوار ج۷۵ ،ص۱۰۹)

9 امام جواد علیہ السلام نے فرمایا: جو شخص ھوای نفس کی پیروی کی خاطر ترقی کی راہ کو تم سے پوشیدہ کرے اس نے تم سے دشمنی کی ہے- (بحار الانوار ج۷۸ ص۳۶۴)

10 ۔ ایام ،پوشیدہ رازوں کو تم پر آشکار کرتے ہیں(بحار الانوار ج۷۸ ص۳۶۴